آپؒ نے کہا ٹھیک ہے مان لیا تم نے اپنے رضامندی سے خریدا مگر میں جو چیز اپنے لئے پسند نہیں کرتا وہ کسی بھی مسلمان کیلئے پسند نہیں کرتا تو اب یا تو تم بیع فسخ کر دو یا پانچ دینار مجھ سے واپس لو۔ یا پھر میرے ساتھ دکان تک چلنے کی تکلیف کرو تاکہ میں اس سے بہتر کپڑا تمہیں دیدوں۔ اعرابی نے پانچ دینار لے لئے اور جب آپ واپس تشریف لیگئے تو لوگوں سے پوچھا کہ یہ مرد خدا کون ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ محمد المنکدرؒ ہیں۔ اعرابی نے کہا سبحان اللہ یہ تو ایسا مرد ہے کہ اگر کبھی بارش نہ آئے خشک سالی ہو جائے تو نمازِ باراں کے لئے کھڑے ہو کر اس شخص کے وسیلے سے بارش ہونے لگے۔''

یہ تو چند واقعات ہیں۔ کتب تواریخ ایسے واقعات سے سطر سطر مزین ہیں۔ کاش ہم غور کریں اور دل کی گہرائیوں سے یہ تہیہ کرلیں کہ ہم دل کی آنکھیں کھلی رکھیں گے۔ اللہ رب العزت سب کو عمل کی توفیق بخشیں۔ "آمین"

حضرت مولانا محمد رمضان علوی کا سانحۂ ارتحال

حضرت مولانا محمد رمضان علوی رحمۃ اللہ علیہ ۱۸ جنوری کی شب —— ٹریفک کے ایک حادثہ میں انتقال فرما گئے —— انا للہ وانا الیہ راجعون ؕ

آپ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کے مخلص اور محبوب رفقاء میں سے تھے۔ تمام عمر دین کی سربلندی کے لئے محنت کرتے رہے۔ تحریک ختم نبوت میں بے مثال حصہ لیا۔ ہمیشہ علماءِ حق کا ساتھ دیا —— اپنی اولاد کو دین کے لئے وقف کیا اور لوگوں کو بھی دین سنایا۔ اِس دَور میں وہ عالمِ باعمل تھے۔ مولانا سعید الرحمٰن علوی اور حافظ عزیز الرحمٰن آپ کے فرزند ہیں۔

دونوں اپنے والد ماجد رحمہ اللہ کے نقشِ قدم پر ہیں۔ اللہ انہیں صبر عطا فرمائے!

مجلس احرارِ اسلام کے تمام اراکین ومعاونین اور جملہ مسلمان حضرت مولانا کے لئے دعاءِ مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام کریں۔ اللہ پاک اُن کے درجات بلند فرمائے حُسنِ آخرت کا معاملہ فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین) —— ہم مولانا کے فرزندوں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں اور اُن کے اِس غم میں شریک ہیں۔ (ادارہ)